اُنکی نظروں میں ہے شاید تو حقیر ادنیٰ
بولا مومن ارے خاموش یہ کیا تو نے کہا
دیتا ہے خلق کو رزق اُنکے تصدق میں خدا
حاکم دل ہیں ہر اک دل کی خبر ہے اُن کو
اہل حاجت کی مدد مد نظر ہے اُن کو

۳

جب وہ پھر خدمت سلطان زمن میں آیا
اُسی اخلاص سے پھر تحفے تحائف لایا
نوش فرماتا تھا کھانا وہ علیؑ کا جایا
دیکھ مہماں کو جو مولاؑ نے تو یہ فرمایا
شکر رزاق حقیقی میں زباں قاصر ہے
بیٹھ جا پاس مرے نان و نمک حاضر ہے

۴

کر کے تسلیم قریں بیٹھ گیا عاشق شاہ
فرط الطاف سے مولاؑ نے کہا بسم اللہ
کھانا کھا کر ہوا فارغ جو شہ عرش پناہ
ہاتھ مولا کے دھلانے کو اٹھا وہ ذیجاہ
کہا آقا نے یہی فضل خدا ساتھ ترے
تو ہے مہماں دھلاؤنگا میں خود ہاتھ ترے

۵

پائے معصوم پہ سر رکھدیا اُس نے جھکا کر
منتیں کر کے یہ کہنے لگا وہ نیک سیر
مجکو شرمندہ نہ فرمائیں شہ جن و بشر
ہاتھ آقا کے دھلائے گا یہ عبد احقر
بولے مولا تری مرضی جو یہی ہو اچھا
مجکو منظور ہے دل کی خوشی ہو اچھا

[illegible]

جب چلانے لگا وہ دست شہ ارض و سما
ہوئے مس ہاتھ سے اس طشت میں پانی ہو گیا
ہوئی قدرت کے اشارے سے عیاں شان خدا
ہو گیا ہاتھ کا دھوون شرف آب بقا
گر زمرد کے یاقوت تو تاب بنے
صدف طشت میں قطرے در نایاب بنے

[illegible]

بولا مہمان سے وہ مخزن الطاف و عطا
اپنے ہمراہ یہ یاقوت و گہر لیتا جا
تیری زوجہ نے دیا تھا مجھے اک دن طعا
کھانا محبوب بہت تجھ سے ہی ہوا یہ تحفا
اب وہ پوچھے گی کہ کیوں فرزند محمدؐ نہ کرے
ہدیہ محتاج نے بھیجا ہے اسے رد نہ کرے

[illegible]

چومے مومن نے قدم اور چلا سوئے وطن
پہنچا گھر پر تو یہ زوجہ سے کہے اس نے سخن
دیکھ الطاف و عطایائے شہنشاہ زمن
میں جو کہتا تھا وہ ہیں واقف ہر سر و علن
جس کو وہ چاہتے ہیں رب علا دیتا ہے
بندہ نوازوں کے ذریعہ سے خدا دیتا ہے

[illegible]

بولی شکر کے سجدے سے جو اٹھی تو کہا
شہ کی خدمت میں مجھے اب کے ہے لے کر چلنا
جب دوبارہ وہ چلا سوئے امامؑ دوسرا
زوجہ بھی ساتھ ہوئی دل میں لئے شوق لقا
خدمت شاہ میں پہنچی بھی نہیں موت آئی
جب ہوئی منزل مقصد کے قریب موت آئی

[illegible]

چھوڑ کر زوجہ کی میت کو چلا خوش ایماں
اور ہوا حاضر دربار امامؑ ذیشاں
کہا مولاؑ نے مری زائرہ آئی نہ یہاں
با ادب بولا کہ مولا یہ ہوئی وہ قرباں
شہؑ نے فرمایا ہے ایماں کی فدائی زندہ
اور ابھی تیس برس تک وہ رہیگی زندہ

۵۸۱

ہوئے حضرت سے رخصت جو وہ دیندار آیا
دیکھا زوجہ کو کہ زندہ ہے بافضال خدا
پوچھا جب واقعہ کہنے لگی وہ اہل ولا
آنکھوں میں جان تھی پہچان سکے یار اعضا
اُس طرف حوروں نے جنت میں بلایا مجھکو
اس طرف غیرت یوسف نظر آیا مجھکو

۵۸۲

نقش سجدہ سے تھی پیشانی زیبا روشن
اک نشاں طوق اطاعت کا تھا زیب گردن
ناتوانی کے سبب کانپتا تھا سارا بدن
ہاتھ چومے ملک الموت نے اُسکے فورن
گوہر اشک ہر اک دیدۂ نمناک میں تھا
پنڈلیاں سوکھی تھیں عشق قدم پاک میں تھا

۵۸۳

جب قد ضعف تھا اجلال کا اُتنا تھا وفور
ملک الموت سے کہنے لگا خالق کا وہ نور
ڈالدو جان تن بیجا نہیں یہ حکم غفور
سر جھکا کر وہ ملک بولا بہت خوب حضور
روح پھونکی تن مردہ میں دوبارا اُنے
پھر ہری عمر کے گلشن کو سنوارا اُنے

۵۸۴

ملک الموت سے کہنے لگا پھر وہ مولا
تیس ۳۰ سال اور ابھی دنیا میں اسکو رہنا
سنا دیندار نے یہ واقعہ روح افزا
زوجہ کو ساتھ لئے خدمت سرور میں گیا
مومنہ نے کہا اس شاہ کے قربان گئی
ہیں یہی تو مرے سرکار میں پہچان گئی

۵۸۵

عرض مداح ہے یہ اے شہ والا درجات
کرتے تابع فرماں ہیں حیات اور ممات
نوح تن ہو تمہی اور تمہی کشتی نجات
چشمۂ فیض کی لہریں ہیں یہ زمزم یہ فرات
اے تقی نقی یا ہاشمی و مطلبی
لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

**۸۶**

ساغرِ بادۂ اعجاز سے ہوں مست مگر
سیر اب گلشنِ اخلاق کی ہے مدِ نظر
بے ریا تیری سخاوت سے جہاں بہرہ ور
مجھے موتی ہیں ترے فیض کے معدن گہر
رات بھر پردے میں جاری تھا عطا کا دریا
موجیں لیتا تھا تری جود و سخا کا دریا

**۸۷**

بھجواتا تھا غریبوں کی جو صورت سے حجاب
پشت پر روٹیاں رکھے ہوئے چہرے پہ نقاب
شب کو جس راہ سے تو جاتا تھا ازرہِ صواب
منتظر رہتا تھا ہر صاحبِ حاجت بیتاب
سب تجھے دیکھ کے کہتے تھے سخی آتا ہے
کھانا ہر روز جو دیتا ہے وہی آتا ہے

**۸۸**

اکثر ایسا ہوا جس در پہ گیا وہ مولا
کھانا لیکر کسی محتاج نے دی یہ بھی صدا
دے جزائے عملِ خیر تجھے ربِّ علا
کہ مصیبت میں خبر گیر غریبوں کا ہوا
تجھ سا فیاض جہاں میں ہو ذرا مشکل ہے
ہاں مگر سیدِ سجاد بہت غافل ہے

**۸۹**

مستحق پردہ توجہ نہیں کرتا ہے کبھی
دے عوض اس کے خداوندِ تعالےٰ جلدی
آپ سب سنتے تھے خاموش زباں ہی تھی
نہ کہا میں ہوں علیؑ ابنِ حسینؑ ابنِ علیؑ
ہوئے ہم نہ زمانا کسی کا کمست
قوتِ نفس کا اعجاز تھا یہ کیا کہنا

**۹۰**

صبر کی تیغ سے ظالم کی جفائیں کاٹیں
چل رہی تھیں جو مخالف وہ ہوائیں کاٹیں
چھا رہی تھیں جو ترقی کی گھٹائیں کاٹیں
آ رہی تھیں جو ہر اک دن پہ بلائیں کاٹیں
ہنس کے کاٹا جو لگا جور و جفا کا جنگل
زعفراں زار بنایا ہم و غم کا جنگل

۹۱

صبر اور شکر کی تصویر مجسم تھے حضور
بلکہ ایمان سراپا تھے امام جمہور
کام تھا مرضیٔ معبود سے ہم ہو کر سرور
کربلا میں ہوئے جب قتل شہنشاہ غیور
آل احمد کے لیے قید کی تدبیر ہوئی
حلقۂ صبر و رضا پاؤں کی زنجیر ہوئی

۹۲

ظالموں نے جو لٹے قافلے کو قید کیا
ساربان ناقوں کا وہ سید بیمار بنا
پاؤں کے چھالوں میں کانٹوں نے کیا گھر اپنا
تازیانوں کی اذیت سے ملی آسودہ وا
شہر کوفہ تک اسی طرح وہ غمگین آیا
کر کئی بار عیادت کے لیے غش آیا

۹۳

پھر بٹھایا اُسے اک ایسے شتر پہ واللہ
پشت سے جس کی کئی بار گرا وہ ذی جاہ
پاؤں آخر شکم ناقہ سے باندھے گئے آہ
رانیں زخمی ہوئیں اور خون سے رنگین ہوئی راہ
خون مظلوم سے تر شہر کی گلیاں نکلیں
چمنستان ہدایت کی وہ کلیاں نکلیں

۹۴

ہو کے آبادیوں سے جاتا تھا وہ قافلہ جب
ذلت آل پیمبر ہو یہی تھا مطلب
یوں نہیں تا تمام گئی عزت سلطان عرب
شہر آئینوں کی کثرت سے تھا آئینہ حلب
جس قدر قید ہوئے عکس کی تعداد بڑھی
اُس قدر ظالموں کی بدعت بیداد بڑھی

۹۵

حق و باطل میں جو تھا فرق ہوا آئینہ
کس کا دل گوہر عرفاں کا بنا گنجینہ
کس کے سینے میں تھا ایمان کسے تھا کینہ
کس کی طاعت سے مشرف ہو شب آدینہ
ہے نماز و کی اقامت پہ اذاں کو نازش
جس کے روزوں پہ ہے ماہ رمضاں کو نازش

۹۹۶

آئی ادھر بار بار دوئی میں جو ان کا ع
رہنا تھا طشت طلا میں نشان دار ابار
چھیڑ تا تھا لب شیریں کو وہ بیدرد وار
دست ظالم میں ابھی تھی کا بیچاری تھی بار
شم و جو بلا دار میر آل بار تب تھا
سب تھا تھا عشق ان عرعر باز تھا

۹۹۷

سر افراز بیچ سرے سے گرانا تھا خطاب
تاب تک تھا ٹھکانا سے بس جلا بے بو نثرا ب
گھر میں بیچ جلا دنت پیچ ول بوجھ خاب
شب شب سے جلوہ میں لیکر وہ لعین تھا خراب
پھیل ادنیا تھا سر سے ملا بیچ مر ع کے طرف
تھا گد اجنبی دل و راجد ع کے طرف

۹۹۸

عطن ان ادا پہ کہ بیچ دن کا مرحوم نثار
ان ع ایک ساتھ ایک ستم جس سے نوا نجات
مجرد ان کا ملا دنت میں پر شاہ سلا ب
بیچ پیچ کی تھی وہ سے تا ساسلطان خراب
سنیچ گستی تھیں جو ان سنگ میں بار
جب بیچ جاتی تھی و دانا ثوا میار

۹۹۹

بلا ادا پیما تک بے خود رس
کو ان شہر بیچ کہ بیچ واقعہ قتل و ظفر
سب سے لعون سے تنبیل کو ادا تھا
سب بیچ ان سے الفاظ ارا سے جیسے
قہر دولت سے بیچ ال اسا دو ار
اہل و دیار سے الفاظ طالبات درمیں

۱۰۰۰

دل اجھ کو ادا بیچ کا جب بیسن درب عجیب
سو تیا مر سے ملا بیچ ابر ام
کیا اجابت پہ لو فتنہ کو سے بیچ جب
نکتہ بیج ہیں لب سے سالدادی کا بیب
اب ساجل بچنے کا بیچ بیاندام بر انکار سے ع
سے پاد دیار میں انکر سے بیچ اصرار ساٹھ

۱۰۱

آل ہاشم کی فصاحت ہے شہیر آفاق
خطبۂ سید سجادؑ کے دل میں مشتاق
گرچہ حاکم کی طبیعت پہ سفارش تھی یہ شاق
ہو کے مجبور یہ کہنے لگا وہ اہل نفاق
طعن و تشنیع سے محفوظ مری ذات رہے
میری عزت کے منافی نہ کوئی بات کہے

۱۰۲

سن کے یہ عابدؑ بیمار گئے منبر پر
بیڑیاں پاؤں میں تھیں اور کمر میں لنگر
نہ ردا تھی نہ عمامہ تھا وہ تھے ننگے سر
جسم پر بدلے عبا کے تھی فقط خاک سفر
موعظے کے لیے جس طرح وہ سرور پہونچا
کب خطیب اور کوئی یوں سر منبر پہونچا

۱۰۳

حمد و نعت کے بعد آپ نے یہ فرمایا
شکر اس رب کا دیا جس نے ہمیں علم اپنا
حلم و انصاف و کرم بخشش و الطاف و عطا
اپنے گنجینۂ رحمت سے سبھی کچھ بخشا
خلق میں چشم رسول عربیؐ ہوں یارو
میں علیؑ ابن حسینؑ ابن علیؑ ہوں یارو

۱۰۴

جد امجد تھے ابو طالبؑ عالی مقدار
ہیں جو مشہور مربی رسول مختار
میرے دادا ہوئے جب دوش پیمبرؐ پہ سوار
طاق کعبہ سے گرے سارے بت زار و نزار
کبھی تعظیم کو محتاج و غنی اٹھتے تھے
میری دادی اگر آتی تھیں نبیؐ اٹھتے تھے

۱۰۵

تھے چچا میرے حسنؑ صاحب اخلاق حسن
وہ بھی تھے مہر نبوت کا نگینۂ احسن
میرا بابا ہوا مقتول سر دشت محن
میں مع کنبہ ہوں سب آج گرفتار رسن
یہ نہ سمجھے کوئی اوصاف و کسب میں چھپے ہیں
جو شرف میرے بزرگوں میں تھے سب مجھ میں ہیں

سلام

اب زمزم کو صفا سے ابھی کوثر سے ملی
سنگ اسود کو بزرگی بھی اسی در سے ملی
قبلہ کو کعبہ کی سمت الفت حیدر سے ملی
شب معراج کو معراج پیمبر سے ملی
محفل قرب میں پردے کے ادھر بھی ہم تھے
دست قدرت نے بنایا تو ادھر بھی ہم تھے

سلام

یہ بھی اسلام بھی ہیں اور یہی ایمان بھی ہیں
یہی تفسیر بھی ہیں اور یہی قرآن بھی ہیں
یہ گدائے در معبود بھی سلطان بھی ہیں
خواجہ بوذر و سلمان ہیں سلیمان بھی ہیں
اتنا حق کی عبادت میں سجا رکھا ہے
ہل اتی سورے کا سورہ ہی عطا رکھا ہے

سلام

حسب منشا نے خدا آل عبا نے چاہا
ہم نے جو چاہا وہی رب علا نے چاہا
کیا ہوئی ہم کو کسی اہل وفا نے چاہا
یہ ولا اجر رسالت ہو خدا نے چاہا
ہنس کے صحرائے مصیبت سے گزر جاتے ہیں
ہم گلستان مشیت کی ہوا کھاتے ہیں

سلام

یہی تمہید سخن تھی کہ ہو احسن پیدا
کوئی کہتا تھا یہ کیا قہر ہوا واویلا
جب کہا ہم نے پڑھیں کلمہ تو سنے اس کا بیٹا
کوئی کہتا تھا کہ ناطق ہے یہ قرآن بجا
جب پڑا اللہ کی قدرت کے سب اسرار کھلیں
کیوں نہ پھر اس کی ثنا میں لب گفتار کھلیں

سلام

نہ تھا وہ مفتی تھے ستم کے بانی
جن کی مہروں پہ شہ دیں کی ہوئی قربانی
ہو فضول اور کتابوں کی ورق گردانی
جمع تعریف کے سب آیتیں ہیں قرآنی
مجتمع لفظوں میں ہے رحمت کا صحیفہ دیکھو
کتنا کامل ہے فضیلت کا صحیفہ دیکھو

۱۱۱

دیکھ کر بزم کی حالت کو شقی تھا حیراں
کہا آخر کو مؤذن سے کہ دے اٹھ کے اذاں
جب مؤذن نے کیا حق کی بزرگی کا بیاں
بولے سجاد ہے بیشک وہ خدائے دو جہاں
جب کہا اس نے کہ وہ رب ہے اکیلا ہے
دی شہادت شہِ دیں نے کہ خدا یکتا ہے

۱۱۲

دی صدا اس نے محمد ہیں رسول دوسرا
سر دربار سبھی کہنے لگے صل علی
بولے سجاد حزیں ذکر یہ کس کا آیا
ہیں محمد کی ہوں اولاد میں یا تو ہی بتا
بن پڑا کچھ نہ جواب اس کا جواں کافر کو
سب کے دکھلانے کو بجے میں جھکایا سر کو

۱۱۳

قائل رتبۂ معصوم رہا گرچہ یزید
باز آیا نہ شقاوت وہ شامی پلید
نہ ہوئی قتل کی ہمت پہ رکھی قید شدید
بس کہ قسمت میں تھا ہونا مرے معصوم شہید
کسی دشمن نے نہ شمشیر ستم سے مارا
ہاں بن عبد ملک نے انھیں سم سے مارا

۱۱۴

مدتوں روتے رہے باپ کو با حالت زار
زندگی بھر کبھی حاصل نہ ہوا دل کو قرار
زہر شبیر کی طرح ان کو ملا آخر کار
ماتھے پہ آیا عرق موت کا تب آثار
دم سے سید والا کی گئے خدمت میں
کربلا میں جو بچھڑے تھے وہ ملے جنت میں

۱۱۵

دیا فرزند نے جب غسل تو ان کا تن دیکھا
تھے نشاں بیڑیوں کے پاؤں میں ٹخنوں تک پیدا
نیل تھے پشت پہ دُرّوں کے تو زخمی تھا گلا
جیسے گردن سے ہوا تھا نہ ابھی طوق جدا
اب فنا ہوں میں رسن بستہ و بیمار رہا
قید خانے سے چھٹا بھی تو گرفتار رہا

۱۱۶

دن جب یہ آیا [illegible] پیارا سے سمجھا عه

اے سر ہے کہ فاطمہ کا لال لاڈلا سب سے پیارا

فدیہ ہیں روح و دل [illegible] علی کی اولاد

پایا مقام [illegible] تھا کہ وہی فرزند

اے جان ای جان [illegible]

[illegible]

۱۱۷

سب سے [illegible] ماں جو اماں مسعود

ارشاد فرماتے ہیں بیٹا حسین مظلوم

[illegible] تھا محرم [illegible]

وہ بھی معصوم [illegible] اولاد کی تھی ماں معصوم

[illegible] مظلوم کے پاس

دن [illegible] مسموم کے پاس

۱۱۸

سبک سلطنت [illegible] نام خدا

سر فدا ان پہ [illegible] اولاد ہے ان پہ فدا

[illegible] جدا

[illegible] ادا

بابا پانی [illegible] بلا کا پہلو

اس [illegible] کا پہلو

۱۱۹

[illegible]

[illegible]

[illegible] مصیبت [illegible]

[illegible] مقبول [illegible]

[illegible] جنت کا [illegible]

[illegible] خدایا [illegible]

---

عه مصنف کی والدہ نے بتاریخ ۱۳؍ ربیع الثانی ۱۳۶۹ھ مطابق یکم فروری ۱۹۵۰ء بروز چہارشنبہ انتقال کیا۔

تصنیف مرثیہ ہذا بتاریخ ۲۹؍ جمادی الاول ۱۳۶۹ھ روز یکشنبہ بوقت شب مطابق ۱۹؍ مارچ ۱۹۵۰ء

باختتام رسید

# مرثیہ

مطلع

# پھر حمرا باب سخن کھول رہا ہے

بند ۱۸۵

در حال امام محمد باقر علیہ السلام

مصنفہ
سید سرفراز حسین خبیر لکھنوی

مطبوعہ
نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

# زیارت حضرت محمد باقر علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْهُدٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ اَهْلِ التَّقْوٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَاقِرَ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرَضِيْنَ اَللّٰهُمَّ كَمَا جَعَلْتَهٗ عَلَمًا بِعِبَادِكَ وَمَنَارًا لِبِلَادِكَ وَمُسْتَوْدَعًا لِحِلْمِكَ وَمُتَرْجِمًا لِوَحْيِكَ فَصَلِّ عَلَيْهِ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ ذُرِّيَّةِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ وَاُمَنَآئِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

| | |
|---|---|
| ولادت امام محمد باقر علیہ السلام یکم رجب سنہ ۵۷ھ | شہادت امام محمد باقر علیہ السلام ۷ ذی الحجہ سنہ ۱۱۴ھ |

جائے دفن :: جنت البقیع

١

پھر مدح سرا بابِ سخن کھول رہا ہے
دل بلبلِ سدرہ کی طرح بول رہا ہے
اور معدنِ مدحت سے گہر رول رہا ہے
انصاف نظر میں یہ سخن تول رہا ہے
نقطے ہیں ستارے فلکِ عز و شرف کے
الفاظ ہیں یا موتی ہیں دریائے نجف کے

٢

مدفون نجف میں ہے وہ حکمت کا خزانہ
جبریلؑ جسے کہتے ہیں اُستادِ یگانہ
قرآن کی ہر آیتوں میں اُس کا فسانہ
دن رات یہی میری زباں پر ہے ترانہ
عالم ہی کو آتی ہے نظر شانِ الٰہی
جاہل کو میسر نہیں عرفانِ الٰہی

٣

ہر علم جو میراث رسولوں کی مسلّم
ممتاز فرشتوں سے ہوئے حضرتِ آدمؑ
ہر جہل سے انسان ابوجہل کا ہمدم
قارون کی میراث زر و دولتِ عالم
تحفہ بشر علم کے جوہر کی غرض ہے
انسان کو لازم ہے یہ سمجھے کہ مرض ہے

٤

حاصل ہوئی ہے علم سے انساں کو فضیلت
آئینہ اسی سے ہوئی ہر شے کی حقیقت
بتلاتے ہیں اربابِ یقیں عزت کی بہجت
نسخے ایک سمجھے ہیں کہ قرآں کے بکثرت
ناواقفوں کیواسطے دفتر ہے یہی علم
واقف کیلئے نقطے سے کمتر ہے یہی علم

٥

عالم میں جو پھیلا ہوا ہے علمِ شریعت
تفسیر کے زیور سے مرصّع ہے ہر آیت
وحدت کا سبق پڑھتے ہیں سب جو بکثرت
آباد ہوا مکتبِ دیں کس کی بدولت
مفتاحِ درِ علمِ خدا کس کی نظر ہے
حیدر کا جگر بند ہے عابدؑ کا پسر ہے

(مطلع)
باقر کی ولادت ہوئی عابد کے گھر میں
آیا ہے ثمر علم عبادت کے شجر میں
جز مصحف گل کچھ نہیں بلبل کی نظر میں
عرفان کا جاری ہے سبق دشت و در میں
ساکت ہیں کہ معرفت افروز ہیں غنچے
گل بن ہمہ تن گوش ادب آموز ہیں غنچے

واقف ترے مدح سے کیا ہم کس و ناکس
کیا نقص سراپا سے ہو توصیف مقدس
کہنے کو تو یہ مرثیہ ہے نظم مسدس
پر حضرت باقر کی ثنا سے ہے مخمس
کیوں باغ سخن پر ہے افلاک کا سایہ
اس مدح پہ ہے پنجتن پاک کا سایہ

اقلیم امامت کا ہے پانچواں سلطان
پیدا ہوئے ہیں اس کی ثنا کش کے یہ پیماں
اک پنجتن پاک کا ہے خمسۂ ایماں
ہیں پانچ خمیر دین کی اسلام کا عنوان
ارکان کی گو چار عناصر سے بنا ہے
ہے پانچویں شے روح جو فرمان خدا ہے

پھر مصحف ناطق ہیں تو قرآن ہے صامت
سپارے بھی چپ چاپ ہیں سکتہ میں ہیں ثابت
خاموش روایات ہیں تاریخ ہے ساکت
اک علم سے بھی علم کا اک استاد ہے ثابت
بخشے گئے تھے علم لدنی کے خزانے
پوچھا تھا پڑھا کر انھیں دنیا میں خدا نے

جب وقت سے قائم ہوئی عالم کی بنیاد
اک ہوتا ہے شاگرد تو اک ہوتا ہے استاد
جب کوئی پڑھاتا ہے تو ہوتا ہے سبق یاد
حیرت سے ہیں انگشت بدنداں سخن ایجاد
کیا تھا جو محمد کی طرح یاد نہیں تھا
عترت کا نبی کی کوئی استاد نہیں تھا

---

نسخہ ہے مصحف گل بلبل شیدا کی نظر میں

**۱۱** (مطلع)

گلزارِ مدینہ میں بہار آئی ہوئی ہے
رحمت کی گھٹا چار طرف چھائی ہوئی ہے
بجلی کی تڑپ ابر کی انگڑائی ہوئی ہے
ساقی کا شوق بھی للچائی ہوئی ہے
میخانے کی ہر بارہ دری اوجِ نظر پہ
بیٹھا ہوا ہوں آج کہ پانچوں در پہ

**۱۲**

دو جام پلا شبّر و شبیرؑ کا صدقا
ہے دُہری خوشی تجھ کو ہوا فضلِ خدا کا
دے اپنے نئے آشام کو انعام بھی دُہرا
چھوٹے کا یہ پوتا ہے بڑے کا ہے نواسا
شیشہ ہو نرالا تو نئے ڈھنگ کا ساغر
بادہ ہو حسینیؑ حسنیؑ رنگ کا ساغر

**۱۳**

صدقے ترے ساقی یہ ہے ہنگامِ مسرت
لائے ہیں ملک عرش سے پیغامِ مسرت
ہے حوروں کے ہونٹوں کی مسی شامِ مسرت
دے اپنے دعا گو کو بھی اک جامِ مسرت
فرزند دیا ہے ترے پوتے کو خدا نے
بھر دے دلِ بیکس میں محبت کے خزانے

**۱۴**

ہیں یوں تو سبھی گھر میں محمدؐ کے محمدؐ
ہر صف میں یہ لال بھی ہے مثلِ اب و جد
ہمنام محمدؐ بھی ہے یہ ثانیٔ احمدؐ
آنکھوں کے وہی ڈورے ابرو کے وہی مد
پیشانیٔ تاباں صفتِ بدر وہی ہے
بازو وہی پشت وہی صدر وہی ہے

**۱۵**

تاریخ نہم اور رجب کا وہ مہینہ
تھا روزِ ولادت سے ہوئی ارضِ مدینہ
سجادؑ کے دامن میں رہا دیں کا خزینہ
آغوشِ حسینؑ میں بھی چمکا یہ نگینہ
معصوم پہ معصوم ہی قربان رہا ہے
دو مصحفوں کے سائے میں قرآں رہا ہے

[illegible]

**۲۱**

مولا نے کہا کھیل نہ بچوں کا سمجھنا
یہ بعد مرے ہوگا امام اس نے شنیدا
ان درہموں میں درہم غضبی وہ ملا تھا
کیا طیب و طاہر سے نجس شے کو ملا تھا
ہم لوگ ہیں اولادِ شہنشاہ نجف ہیں
سب خورد و کلاں ایک ہیں اعزاز و حشم میں

**۲۲**

کی عرض محب نے میں فدا اے شہ والا
ان درہموں میں مل گیا تھا اک درہم ایسا
میں اس کو جدا کرنے سے معذور رہا تھا
ہیں بحر عطا آپ خطا عفو ہو مولا
یہ کہہ کے گرا سید عالی کے قدم پہ
قربان ہوا حضرت باقرؑ کے حشم پہ

**۲۳**

بچپن ہی کا یہ واقعہ ہے وارد اخبار
دروازے پہ استادہ وہ تھا اک زرہ دلدار
جابرؓ ہوئے ناگاہ سر راہ نمودار
شہزادۂ کونین سے کہنے لگے اک بار
خادم کے قریب غیرت الیاس (ثانی) و داؤد
دو ایک قدم چل کے گئے پاس در آؤ

**۲۴**

جابرؓ کے قریب آیا جو وہ سید و آقا
کی عرض سیدھا رو ہیں لب زینت دنیا
جس وقت مرا ہجر وہ فرشتوں کا خوش آرا
افلاک سے اک شور اٹھا صلِّ علیٰ کا
جابرؓ نے صدا دی یہ ہے رفتار محمدؐ
دل نے کہا بیشک ہے یہ دلدار محمدؐ

**۲۵**

پھر پوچھا با داب کہو آپ کا کیا نام
شہزادے نے فرمایا محمدؐ ہے مرا نام
بابا مرا عابدؑ ہے علیؑ صلِّ علیٰ نام
دادا کا حسینؑ ابن علیؑ نام خدا نام
سبطین نبیؐ کے ہیں دل و جان سے باپ
جابرؓ نے کہا آپ پہ قربان ہیں ماں باپ

**۲۲۶**

کہا جب ہی باقر نے خود اور دیکھا بیاں
جابر نے لیا بوسہ پیشانی تاباں
کی عرض فدا آپ پہ اے سید ذیشاں
کہتے تھے سلام آپ کو پیغمبر ایماں
شہزادے نے فرمایا سلام ان پہ ہزاروں
ہے تھے یہاں رحمت کے پیام ان پہ ہزاروں

**۲۲۷**

یہ قبل امامت کے ہوئے واقعہ و قوم
فائز جو امامت پہ ہوا ان معصوم
ہر چار طرف علم و فراست کی ہوئی دھوم
نزدیک یہ تھا علم زمانے سے ہو معدوم
مصروف دعا ہوتے تھے گویا سر جھکا کر
منا بھی دیا کرتے تھے در پہ آ کر

**۲۲۸**

دور اموی میں ہوئی مولا کو امامت
جب شام کا حاکم تھا ہشام اہل شقاوت
مرعوب ہوئے سطوت شاہی سے نہ حضرت
اک حال پہ جاری رہا دریائے ہدایت
تعلیم الٰہی کا ہر انداز دکھایا
آیا محل اعجاز کا اعجاز دکھایا

**۲۲۹**

جابر نے کہا اک روز شہ دیں سے جو مانگا
فرمایا مرے پاس نہیں دولت دنیا
اک مدح سرا نے پڑھا تھا میں قصیدا
خادم سے کہا کیسہ زر مجھ سے لے آیا
پایا جو صلہ مدح کا تو طبع بڑھی اور
اک نظم نئی شہ والا میں پڑھی اور

**۲۳۰**

پھر حجرے سے اک کیسہ زر شہ نے منگایا
اس نے جو پڑھا مدح میں کر اور قصیدا
بخشا گیا اک اور اسی طرح سے تورا
آخر وہ ہوا شہ کو دعا دے کے روانا
جابر نے کہا مجھ کو پھر شاہ نے بخشا
شاعر کو صلہ سید ذیجاہ نے بخشا

۱۳۱م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۲م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۳م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۴م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۳۵م

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

**۳۶**

بتلا دیا انسان کو جو آیا ہے سزا کیا
کیا علم ہے کیا صورت ہے فیض علی کیا
بندوں کو سکھایا کہ ہے عرفان خدا کیا
ہے نور سموات ارض کے سوا کیا
بہتا ہے ہدایت کا جو دریا وہ بہے گا
حجت سے زمانہ کبھی خالی نہ رہے گا

**۳۷**

تقویم جبل کیا ہے جو سمجھایا تو جانا
بیوقوف کسے کہتے ہیں بتلایا تو جانا
منزل کو فرشتوں کی جو دکھلایا تو جانا
عالم کا سبب کیا کام جو فرمایا تو جانا
تعلیم کسے کہتے ہیں آقا نے بتایا
مفہوم سبب کیا علم کا مولا نے بتایا

**۳۸**

نصرانیوں میں دین کو پھیلا دیا جا کے
راہب کو مسلمان کیا کلمہ پڑھا کے
دشمن بھی اٹھا دہر سے فیض انکا اٹھا کے
پھر اپنا مقرر کیا مردے کو جلا کے
وارث تھے دوزخ کو جو فرمان دیا آیا
منکر کو جہنم سے بھی بلوا لیا آیا

**۳۹**

حضرت سے ہزاروں ہی ہوئے اعجاز نمودار
شمعیں تھیں ہدایت کی کچھ رفتار نہ گفتار
اپنا ہو کہ بیگانہ ہر اک کے تھے مددگار
سرکار امامت سے ہے سب کو سروکار
بلوا اتنا تھا حاکم بھی جگہ ڈھونڈتی ہے تو
جس طرح صداقت ہیں مشکل میں علی کو

**۴۰**

کئی لوگوں نے اک مرتبہ حاکم سے کہا بیت
جب حج کیلئے جاتے تھے ارباب عقیدت
اس راہ میں اک ایسی بھی ہے منزل آفت
ہوتی ہے جہاں جانوں کو پانی کی دقت
چشمہ ہے نہ چشمہ ہے نہ دریا نہ کنواں ہے
شامی و عراقی کے لئے خطرۂ جاں ہے

۳۱

چار دن ہوا نصیب جا کر شاہ کی کلاہ ویران
سستی کالا ہم تھے فن ہوا آس بجا دین بے ان
پھرتی ہیں دریں کہو دانا ہیں آکر نہیں بیاں
پھیلا اک ورد دوان کالا سخمہ فراوان
صاف ملا یہ بیان نہیں ابتدا کہ جا طرب ہیں
کہتی ہیں دریں ابتدا کہ عجب یہ سمجھ ہیں

۳۲

دھار دیں ہم اس تیپوں کی یہ دیں کر بیکا لا دیں
فرق شہر کی صورت ہیں اک بہ سکھا لیں
اور دوا ہوا اترتی کالا ہو بنا ہیں باندیں
اجری سے علاوہ وہ کی نجم الغا ہوا لیں
اجر کا ہوا اک سے کہ رنج بنگ فہ چھپانی
دو لاکوں کو فر نالی بہ یہ اک نجا کر چھپانی

۳۳

چھپا دیدہ ہم سے کہ جوا اکی دل پیو پیچو
وہ یہ ہم سے نجا کہو اجالا اکال مہمل معلوم
دو پلیت اجرا ہیں لطف اجرا نجب معلوم
واقف ہوا اس امر سے سیا ہی ہزار دم
ہو دیکھ ہم بادیا حقیقت کی جاری
فرمان دیا یہ بیان دیا باب جاری

۳۴

اجزا جہ پیچ ہے دوا ملاں فرا سب
اور دو سے دن کہ نہ سنگ کہ عجب لیا فت
اس آتش ہم نہا چلوہ ہوا نا نیز اداریت
دہ یہ ایک دلی جی فہیم حکمت
جا کہ ہم نبا نیازا اک لا یہ حضرت نکلا دفا
منتظر یہ ملا یا ہیں شاہ نجف

۳۵

کہ عجب دیکھ کرا علاوہ سے شب دار
سکھ ہیں چھپا فرما دیں ہم دو لاکوں سالار
بیدا ہوا سا عقل اتر یہ جھجم دو صد اد
جا کہ ہم سے کیا دیا اب جا کے نبا دلوں کلا الٰہ ایام
دو با بود اور جہاں کے اس قدر نبات
اسے لا نجا دہ نا کا نہ ہیں کہ مصفا بیان اذ شاید

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۵۱

رگ رگ میں تو ہی تو ہے تو ہی جاں میں ساقی
داخل ہے مودت تری ایمان میں ساقی
مرقوم ترا وصف ہے قرآن میں ساقی
کیا یہ نطق آیا ہے تری شان میں ساقی
جس دل میں ہو تو غیر کا شیدا نہیں ہوگا
ساغر ترا لب چوم کے جھوٹا نہیں ہوگا

۵۲

مانا کہ رسائی ہے تری عرش علا تک
رکھے تھے قدم دوش رسول دو سرا تک
کعبہ کی جبیں پہونچی نہ نقش کف پا تک
جب ہاتھ سے بت توڑے تھے پہنچا وہ خدا تک
اللہ نے حق بین و حق آگاہ بنایا
معراج کی محفل میں ید اللہ بنایا

۵۳

معراج کی شب دور تھا جن جام کا ساقی
دن کو بھی رہے کیف وہی شام کا ساقی
حافظ ہے تو میرے دل ناکام کا ساقی
ساغر ہو عطا مجکو ترے نام کا ساقی
صہبا و خم و شیشہ و پیمانہ جدا ہو
میخانۂ عالم سے یہ میخانہ جدا ہو

۵۴

گلشن میں ہے ساقی ترے میخانے کی صورت
مینا ہے کلی پھول ہیں پیمانے کی صورت
کیا کیا دل مضطر کو ہے بہلانے کی صورت
جنگل میں نکل جاؤں جو دیوانے کی صورت
ہر ایک جگہ تیری ہی امبر کی نظر آئے
صحرا مجھے میدان غدیری نظر آئے

۵۵

کہسار میں فرہاد صفت جاتا ہوں اکثر
کہتا ہوں پہاڑوں کو بچھا دوں کہ ہے منبر
پھر جاتا ہے پھر چشم تصور میں وہ منظر
بیٹھے ہوئے منبر پہ علیؑ نزد پیمبرؐ
میخواروں میں اللہ کی نعمت کا بنا دور
وہ ساغر صہبائے ولایت کا بنا دم

۶۰

فرما رہی ہیں یہ شعر اے سراسر صفات
بیہودہ جگر سے ... ... اچھا
جب ... ... ... انصاف
باقی رہی اس لئے ... ... اضافات
... ... ... تک
موجود ہیں اس قدر کے ... ابھی تک

۵۹

پیارا ترا باقرِ کرم معدنِ حکمت
بتلا رہا ہے چاہِ مجازی کی حقیقت
ہیں جن و ملک کھوئے ہوئے گوشِ عقیدت
جنبش میں ہیں معصوم کے لب بالب قدرت
سب غیب کے اسرار نہاں کھول رہا ہے
اک شور ہے قرآن یہیں بول رہا ہے

۵۸

مختار ہے تو خانہ کعبہ کا دروبست
اللہ سے شمشیر ملی تجھکو سرِ دست
کھائی ہے ... ... ... جبریل ہے مست
افلاک تہِ ... بالا سے ہے پست
کفار کی روحوں کو ... دھوبیا ہیں
جنات کے سر قطع کیے ... کنوئیں میں

۵۷

ساقی تری اولاد میں ہے یہ مہ سبحہ ساقی
ہے پانچواں دور آج بھی ساتھ میں ساقی
با ... مجازی ہو تو ہو جام ... ساقی
... تری طبیعت کو وہ سنجیدہ مذاقی
... رہے میزان مساوات میں سانغ
اک بات میں قرآن ہوا اک ہات میں سانغ

۵۶

ڈوبے جو محبت میں اُسے کون اُبھارے
پہنچا جو کبھی جا کے میں دریا کے کنارے
... تہہ آب ہے جو ... کے پیارے
موجوں نے کئے ارشد ساقی کے اشارے
گرداب سے کشتی ... لگیں لہریں
موجوں سے مرے ... کی بھی ... لگیں لہریں

**سنہ ۶۱**

احقاف کے سورے میں بھی ہے تذکرہ عہد
ہے ریح عقیم آیا اسی سوئے میں کہ جا
اس واقعہ کو گزرا ہے کافی ہی زمانا
دب کر وہ زمیں نیچی ہوئی اتنی زیادہ
جو تہ میں اترتا ہے جھلس جاتا ہے فورا"
اور قعر جہنم میں وہ دب جاتا ہے فورا"

**سنہ ۶۲**

بے فائدہ یہ سب کد و کاوش ہے سراسر
کچھ فاصلہ پر کھودو کنواں ہے یہی بہتر
پاٹو یہ گڑھا اور زمیں کر دو برابر
پاؤ گے سہولت سے وہاں پانی مقرر
سب خوش ہوئے ارشاد امام دوسرا سے
تعمیر کنواں اور ہوا فضل خدا سے

**سنہ ۶۳**

ان معجزوں سے حاکم شامی تھا پریشاں
رجحان خلائق تھا سوئے قبلہ ایماں
تھی نار حسد قلب ستمگر میں یہ سوزاں
حضرت پہ ستم کچھ وہ کیا کرتا تھا ہاں جب
مصروف رہا دفعی شاہ امم میں
کہ شام میں یکبار کیا قید ستم میں

**سنہ ۶۴**

جب قید سے دی یوسف زنداں کو رہائی
اور وارد مدین ہوا وہ حق کا فدائی
برگشتہ ہوئی اس شہ بیکس سے خدائی
کی ترک سوالات دہائی ہے دہائی
رہنے کی جگہ بھی نہیں دی شہ کو کسی نے
فاقے کئے دو تین جگہ [illegible] نے

**سنہ ۶۵**

تب ایک بلندی پہ گیا وہ شہ عالی
اور اپنے شرف ہر کہ و مہ بستی کے حالی
عرفان کے بادے سے بھرا ساغر خالی
دشمن بھی بنے پیرو والا کے موالی
امت کے خطیب جو شہ نیک حسب تھے
انداز شعیب آپ کی تقریر میں سب تھے

**سنہ ۶۶**

ایک پیر نے تب قوم کو اپنی یہ صدا دی
بتلاؤ تو تم لوگ مسلماں ہو کہ عادی عہ
اب جرم سے توبہ کرے ہر ایک منادی
واللہ یہ ایمان کا ہے رہبر و ہادی
اس وعظ و نصیحت نے جو گھر کر لیا دل میں
جو بر سر شورش تھا خجل ہو گیا دل میں

**سنہ ۶۷**

کھل گئی ہر ایک دکاں پھر اسی عنواں
فاقہ شکنی کے بھی مہیا ہوئے ساماں
راہی ہوئے تب سوئے مدینہ شتاباں
اور گوشہ نشیں ضرب ہوا رہبر ایماں
ہر ایک گھڑی حق کی اطاعت میں گذاری
باقی رہی جو عمر عبادت میں گذاری

**سنہ ۶۸**

تھی زید کو در پردہ جو حضرت سے عداوت
کرتا تھا ہر اک بزم میں مولا کی مذمت
کہتا تھا اب میں ہوں سزاوار امامت
حاضر ہوا اک روز وہ از راہ شقاوت
اپنوں میں نہ تھا کوئی ستمگار کے ہمراہ
بس شہر کا قاضی رہا مکار کے ہمراہ

**سنہ ۶۹**

فرمانے لگے سامنے قاضی کے یہ سرور
خاصان خدا سے نہیں لازم ہے تجھے شر
گر تو کہے ظاہر کروں اعجاز میں پھر
رکھا ہی چھپائے تھا چھری وہ ستم آور
خود گر پڑی وہ بن کے زباں فرش زمیں پر
پہنچی علاوہ اس کے نہ شہ عرش نشیں پر

**سنہ ۷۰**

چلائی کہ یا قرۃ امام دو سرا اب
اے زید یہ دعوی تجھے لازم ہے بھلا کب
غش ہو گیا وہ ڈر سے نہ پورا ہوا مطلب
ہوش آیا تو فرمانے لگے شاہ عرب تب
میں حجت رب حق ہوں الجھتا ہے تو کس سے
جس سنگ پہ لات دو ہی تو پوچھ لے اس سے

---

عہ یعنی کیا قوم عاد سے ہو

قطعہ ۱

اعجاز شہ دیں سے ہوا سنگ وہ گویا
باقرؑ ہیں امام دو جہاں شک نہیں اصلا
اے زید یہ باطل ترا دعویٰ یہ سراپا
فاسد تری نیت ہے برے قصد سے باز آ
یہ سنتے ہی بیہوش ہوا زید دوبارہ
اعجاز کے ناوک نے کیا صید دوبارہ

قطعہ ۲

ہشیار ہوا پھر تو پکارے شہ ابرار
یہ نخل جو ہے پاس گواہی پہ ہے تیار
سنتے ہی جدا نخل زمیں سے ہوا اکبار
سایہ کیا حضرت پہ کیا اس نے بھی اقرار
باقرؑ کا گواہ پیمبرؐ بخدا ہے
برحق ہے امامؑ اور یہی راہنما ہے

قطعہ ۳

اس وقت خجل ہو کے کہا زید نے یا شاہ
دعوائے امامت نہ کروں گا کبھی واللہ
پر شام کے دربار میں پہنچا وہ گمراہ
حاکم سے کہا دیکھ کے دیتا ہوں آگاہ
افسوس یہ کرامت نہیں اعجاز نہیں ہے
باقرؑ سا کوئی شعبدہ پرداز نہیں ہے

قطعہ ۴

ملعون کو یہ سن کے ہوا بغض و عناد اور
سوچا کہ کرے ختم شہ دیں کو کسی طور
افسوس عجب وقت عجب ظلم کا تھا دور
مرقد میں نبیؐ روئے وہ ظالم نے کیا جور
پھر زین پیمبرؐ سے نئی شرم و حیا آہ
اک زین میں پیوست کیا زہر دغا آہ

قطعہ ۵

وہ زین دیا زید کو سمجھا کے ہر اک بات
لایا جو مدینے میں وہ یہ موت کی سوغات
آواز نبیؐ آئی یہ کیا کرتا ہے ہیہات
کیوں چھوڑ رہا ہے خون معصوم کے اوقات
یہ پانچواں ہے میرا وصی حجت حق ہے
آفاق میں یہ میری طرح رحمت حق ہے

[illegible]

جب زید نے وہ زین کی نذر امام آہ
بولا کہ یہیں اسپ پہ بیٹھے ذیجاہ
مولا نے کہا از سعادت یہی ہوں آگاہ
کیوں راہ خدا میں نہ قدم رکھا ہو گراہ
میں جانتا ہوں خوب کہ کیا مجھ پر ہے
پر ٹل نہیں سکتا ہو جو ہنگام قضا ہے

[illegible]

مرقد میں بھی رہا اگھوں خلق سے مظلوم
نعمت میں گرفتار ہو حاکم مذموم
گھوڑے پہ کس زین کو اور بیٹھا وہ معصوم
فرمایا جو کچھ ہو گا پیمبر کی سے معلوم
اک زلزلہ پیدا ہوا افلاک و زمیں میں
وہ زہر اثر کر گیا جسم شہ دیں میں

[illegible]

گھوڑے سے جھکا سر سے گئی موت سپہ کا ساز
بیٹے کو بلا کر کہا سن لے مرے دلدار
بس تین شب و روز کا مہماں ہوں ناچار
تو بعد مرے امت احمد کا ہو مختار
اب جلد مرے واسطے رخت کفن آئے
احرام کا میرے جو وہ پیراہن آئے

[illegible]

سنتے ہی یہ اُس پیرہن پاک کو جعفر
رخسارہ پہ رکھ کے فرمایا کہ دلبر
کرنا ہو سفر سب کو یہ اک روز مقرر
گر ضعف مرے ہجر میں قرباں میں تجھ پر
بھر آیا جو دل سرور دلگیر کو رونا
رونا نہ مجھے حضرت شبیر کو رونا

[illegible]

پھر شیخ سے یہ کہنے لگے سید ابرار
بازار میں شیعوں کی امانت کو خبردار
ورثہ میں کتب وغیرہ ہو بند نہ زنہار
کچھ میں نے الگ کر دیے درہم و دینار
دس سال رقم صرف ہو یہ زر غم میں
دس مجلسیں ہوں فاتحہ خوانی کی منا میں

**بند ۱**

یہ کہہ کے پڑھا کلمہ سدھارے شہِ مظلوم
میت پہ فرشتوں کے بھی نالوں کی ہوئی دھوم
بیٹے نے دیا غسل اٹھا لاشۂ معصوم
اصحاب بھی ہمراہ ہوئے بادلِ مغموم
دفنائی گئی لاش شہِ نیک سیر کی
سجاد کے پہلو میں بنی قبر پسر کی

**بند ۲**

اے مومنو سر پیٹو کہ فریاد کی ہے جا
باقر کی شہادت کا سنا واقعہ سارا
عزت سے اٹھایا گیا معصوم کا لاشا
بیٹے نے دیا غسل ہوئے ساتھ احبا
تربت بھی بقیعے میں ملی اور کفن بھی
برپا ہوئی پُرسے کیلئے بزمِ محن بھی

**بند ۳**

یاد آگیا اک ماریہ کا سیدِ مغموم
وہ کون حسین ابن علی پانچواں معصوم
مارا گیا ہے ظلم کے میداں میں وہ مظلوم
کاٹا گیا جب خنجرِ فولاد سے حلقوم
افسوس اٹھایا نہ گیا شاہ کا لاشا
پامال ہوا سیدِ ذیجاہ کا لاشا

**بند ۴**

ہے قاعدہ کاندھوں پہ اٹھاتے ہیں جنازا
واں تیروں کی (نوکوں) سرکوں پہ رہا لاشۂ مولا
بے غسل و کفن حیدرِ کرار کا پیارا
جلتی ہوئی ریتی پہ محمد کا نواسا
کیسا کفن افسوس لٹا رختِ بدن بھی
باقی نہ رہا جسم پہ ملبوسِ کہن بھی

**بند ۵**

جب خون کی بارش ہوئی میت وہ نہائی
آندھی نے فقط خاک کی چادر بھی اڑھائی
چالیس دن افسوس لحد بھی نہیں پائی
ہاں رات کے دامن نے فقط لاش چھپائی
لاشے پہ بہن اشکوں سے منہ دھونے نہ پائی
بیٹی بھی گرفتار ہوئی رونے نہ پائی

۲۰۹

کٹا جو عون جری آہ زینب کا لال قتل ہوا
ہوا وہ وقت دعا عرض کی الٰہی کل ہو گیا
پہنچ گئے وہ الٰہی یہ سرو قد نوجوان کا
جو صدقے ہوں گے مولا کے صدقے میں پیارے اٹھ کے غفار
بہت سے کر کے بکا سر کو مقبول کر
پہنچ گئے ہیں ...

---

بحمدہٗ تصنیف مرثیہ ہذا بتاریخ ۱۰ ر جمادی اول ۱۳۷۰ھ باختتام رسید، مدت تصنیف دس روز

(جو صاحب یہ مرثیہ پڑھیں مصنف کے لئے دعائے خیر کریں۔)

# قطعہ تاریخ طباعت کتاب ہذا

## مصنفہ سید واجد حسین صاحب مطہر برادر و شاگرد رشید حضرت خبیر مدظلہ

خضر فن مرزا محمد جعفر اوج — جانشین حضرت مرزا دبیر
شاعری میں وہ وحید العصر تھے — بے عدیل و بے مثیل و بے نظیر
ہیں جہاں میں اُن کے شاگرد رشید — مدح خوان مخبر صادق خبیر
چاردہ معصوم کے احوال میں — لکھے ہیں چودہ مسدس بے نظیر
ہوئے خلد اُس نظم نورانی میں ہے — اس لئے دو نام ہیں اُس کے شہیر
ایک تو ہے "بدر کامل" اُس کا نام — اسم تاریخی "گلستان خبیر" ۱۳۷۲
منقسم دو حصوں میں ہے یہ کتاب — پہلا حصہ چھپ گیا ہے بے نظیر
للہ الحمد ایک اک حصہ بنا — ہفت آیات کمالات خبیر
اسم تاریخی سنِ تصنیف ہے — لکھو تاریخ طباعت بھی مطہر
عندلیب طبع ہے یوں نغمہ زن — ۱۹۵۶ ہے نہالِ تازہ تصنیف خبیر

## مصنفہ جناب ملا عبد الحسن صاحب اکمل شاجاپوری مجاور درگاہ شریف ٹانکہ ڈون گاؤں اورنگ آباد دکن شاگرد حضرت خبیر

بدر کامل کا حصۂ اوّل — جلوہ آرا ہے مثل نام خبیر
لکھو تاریخ طبع اے اکمل — اے زہے مشعل کلام خبیر
۱۳۷۶

# قطعہ تاریخ

مصنفہ سید علی اطہر صاحب نوری مرغوب ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ ایم ای ایس تلمیذ حضرت خبیر حامد پارک لکھنؤ

ہیں جناب خبیر خوش تقریر — عندلیب ریاض اوج و دبیر
واصف آل منتخب صادق — عارف شان صاحب تطہیر
مثل قرآں ہر ایک ہے معصوم — سب کی مدحت ہے نور کی تفسیر
یہ ارادہ یہ حوصلہ یہ خلوص — مرحبا شاعر بلند ضمیر
جتنے مقبول تھے وہ پاک اعداد — اتنے ہی مرثئے کئے تحریر
ہیں ضیا بار دین کے تارے — بدر کامل ہیں جن کی ہے تنویر
مرثئے سات ان میں سے فی الحال — چھپ رہے ہیں بفضل رب قدیر
ہر مسدس ولا کا آئینہ — ہے سراپا خلوص کی تصویر

بہر تاریخ طبع اے مرغوب
لکھو "پاکیزہ بوستان خبیر"
۱۳۷۶ھ

---

## قطعہ بصورت دیگر

بدر کامل بیاض مدحت آل — ہے عدیم النظیر پاکیزہ
لکھو تاریخ طبع اے مرغوب — بوستان خبیر پاکیزہ
۱۳۷۶ھ

# قطعہ تاریخ

مصنفہ جناب ڈاکٹر رفیق حسین صاحب رفیق ایم۔ بی بی۔ ایس (قیصر ہند) سابق سول سرجن

جو ہیں مداح حضرت شبیرؑ ہیں وہ سب رتبہ دان ذات خبیر
گو نہیں خاندان میں شامل ہیں مگر یادگار اوجؔ و دبیرؔ
جملہ اصناف شعر میں ہیں وہ فرد اے زہے فیض درس گاہ ضمیرؔ
چودہ معصوموں کے لکھے حالات ہر مسدس ہے آپ اپنی نظیر
"بدر کامل" میں کی گئی ہے رقم مدحت عترت سراج منیرؔ
نظم میں چار چاند کیوں نہ لگیں جمع ہوں جب چہاردہ تنویر

لکھ رفیقؔ اب یہ مصرع تاریخ
ماہِ روشن ہے شاہکار خبیرؔ
۱۹۵۶ء

# قطعہ تاریخ

مصنفہ بیگم میجر آغا ذاکر حسین صاحب ہمشیرہ و شاگرد جناب خبیرؔ

بدر کامل سے صاف ہے روشن نقطہ نقطہ ہے اس کا پر تنویر،
فکر تاریخ طاہرہ ہے اگر کہہ دو۔ "اعجاز کا ثبات خبیرؔ"
۱۳۷۶ھ

# دیگر

مصنفہ ڈاکٹر سید لائق علی صاحب ہنرؔ خواہرزادہ و شاگرد جناب خبیرؔ

ہیں فلک پر تارے میں سرگوشیاں "بدر کامل" کا نمایاں ہے جمال
اے ہنرؔ تاریخ کی کیوں فکر ہے دیکھو یہ نظم خبیرؔ باکمال
۱۹۵۶ء

# معذرت

میں نے انتہائی کوشش کی کہ اس کتاب میں کتابت کی غلطی رہنے نہ پائے مگر کیا کروں کہ صحت کا کام میں نے خود انجام دیا اور کلام یاد ہونے کی وجہ سے غلطی پر نگاہ نہ پڑ سکی بہر کیف یہ صحت نامہ جس کو غلط نامہ کہتے ہیں پیش کش خدمت ہے۔ قصور وار حقیر

## صحت نامہ بدر کامل حصہ اول

ٹائٹیل کے دوسرے رخ پر فہرست مراثی کے آخر میں بجائے امام محمد باقرؑ امام جعفر صادقؑ لکھ گیا صحت فرمالیجے

| صفحہ | بند | مصرع | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۸ | ۱ | ینی | بنیؐ |
| ۶ | ۲۰ | ۱ | دوں | دونوں |
| ۷ | ۲۵ | ۴ | ہم اس | تم اس |
| ۱۲ | ۵۲ | ۶ | کچھ نہیں ہے | کچھ اور نہیں ہے |
| ۱۳ | ۵۳ | ۶ | درد | ورد |
| ۱۳ | ۵۵ | ۳ | حول | حوروں |
| ۱۳ | ۵۵ | ۶ | سایہ | سایہ |
| ۱۶ | ۶۶ | ۳ | سایقے | ساقی |
| ۱۶ | ۶۹ | ۳ | اُڑتے | اُڑنے |
| ۱۶ | ۷ | ۵ | سنی نہیں یہ | سنی یہ نہیں |
| ۱۸ | ۷۷ | ۱ | رحمت کا تھا | رحمت تھا |
| ۱۹ | ۸۲ | ۳ | دم کھینچنے | دم کھنچنے |
| ۲۱ | ۹۳ | ۲ | ہمت میں | ہمت یہ میں |
| ۲۷ | ۵ | ۲ | ذات صفت | ذات و صفت |
| ۲۸ | ۷ | ۴ | سراج و منیر | سراج منیر |
| ۳۰ | ۱۷ | ۵ | الام (نسخہ) | اسلام (نسخہ) |
| ۴۴ | ۸ | ۵ | نشا دیا | نشاں دیا |
| ۴۶ | ۲۰ | ۶ | سی آگئی | سما گئی |
| ۴۷ | ۲۲ | ۱ | بہار کے | بہار کی |
| ۴۸ | ۲۶ | ۵ | .بہار کا | ریاض کا |
| ۴۹ | | | صفہ ۵۹ | صفہ ۴۹ |
| ۴۹ | ۳۱ | ۳ | ہے ہیں | جمائے ہیں |
| ۵۱ | ۴۴ | ۱ | بم | شمیم |
| ۷۲ | ۷ | ۳ | مشاقی | مشتاقی |
| ۷۷ | ۴۲ | ۳ | بلند آقا | بلند وقار |

| صفحہ | بند | مصرع | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | ۳۵ | ۲ | حور نشاں | حور تھا وہ |
| ۷۸ | ۳۸ | ۶ | .بول اُٹھے | .بول بھی دے |
| ۸۵ | ۷۳ | ۱ | فرح | فرس |
| ۸۶ | ۸۰ | ۲ | تھا بر بھی | تھا وہ بر بھی |
| ۸۷ | ۸۴ | ۱ | لا پینے پانی | لایا پینے کے پانی |
| ۹۴ | ۹ | ۵ | شبیر | شبیر |
| ۹۴ | ۹ | ۶ | شبیر | مشبیر |
| ۹۵ | ۱۴ | ۴ | ننھے دل | ننھے سے دل |
| ۹۷ | ۲۵ | ۲ | بر رنگ | برنگ |
| ۹۸ | ۲۹ | ۲ | خشک | خنک |
| ۹۹ | ۳۳ | ۲ | عارض تاباں | منیر تاباں |
| ۱۰۰ | ۴۰ | ۳ | بھر آئی | پھر آئی |
| ۱۰۱ | ۴۱ | ۴ | گرے | گر کے |
| ۱۰۱ | ۴۵ | ۶ | یا وفا | با وفا |
| ۱۰۴ | ۶۰ | ۲ | شاہ حسین | شاہ و حسین |
| ۱۰۸ | ۸۰ | ۱ | فیض چشمے ہیں کوثر تسلیم | فیض کے چشمے ہیں کوثر و تسنیم |
| ۱۰۹ | ۸۱ | ۱ | جو شمشیر | جوہر شمشیر |
| ۱۱۰ | ۸۸ | ۱ | سن نو | سن تو |
| ۱۱۱ | ۹۵ | ۲ | شہنشاہ انما | شہ انما |
| ۱۱۶ | ۱۲۰ | ۴ | نگاہیں نہیں | نگاہ نہیں |
| ۱۱۹ | ۱ | ۲ | گھٹا فانی | گھٹا پانی |
| ۱۳۱ | ۶۵ | ۵ | اعجاز کرامات | اعجاز و کرامات |
| ۱۳۲ | ۶۸ | ۴ | سر فراز | سرافراز |

| صفحہ | بند | مصرع | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|
| ١٣٤ | ٧٦ | ٤ | دہول | دہوں۔ |
| ١٣٦ | ٩٠ | ٥ | جوروجفا | جوروستم۔ |
| ١٣٧ | ٩٤ | ٥ | قیدیو | قیدیوں۔ |
| ١٤٠ | ١٠٩ | ٣ | پڑہتے کلمہ تھے | پڑہتے ہیں کلمہ یہ ہے۔ |
| ١٤٩ | ٢٤ | ٢ | سیدھارو | سدہارو۔ |
| ١٥٦ | ٥٧. | ٦ | ہاتھ | ہات۔ |
| ١٥٧ | ٦١ | ١ | اسد | اسکا۔ |

# خوش خبری

بدر کامل حصہ دوم بھی زیر طبع ہے جس میں سات مرثیے ہیں امام جعفر صادق علیہ السلام سے امام عصرؑ تک کے حالات نظم کئے گئے ہیں کم سے کم اتنی ہی ضخامت ہے یعنی دس جزء سے زیادہ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ؍ دو روپیہ آٹھ آنہ

پروپرائٹر ممتاز بک ایجنسی
نخاس لکھنؤ

# شیعیان امیرالمومنینؑ کا محبوب و ہر دلعزیز ماہنامہ اصلاح کھجوا (بہار)

جنوری سنہ ۱۹۵۴ء (تقریباً ۵۰ سال) سے دین حق کی حمایت و ترقی میں مشغول ہے اور مذہب شیعہ کی ناقابل فراموش خدمات انجام دے چکا ہے، خداوند عالم کی تائید پر بھروسہ کر کے جنوری سنہ ۱۹۵۱ء سے

## حضرت امیرالمومنینؑ کی عظیم الشان سوانح عمری

پیش کر رہا ہے خدانے چاہا تو یہ سوانح عمری مذہب شیعہ کے حق ثابت کرنے کا بہترین خزانہ ہوگی، یہ سوانحعمری کئی جلدوں میں ہوگی اور رسالہ اصلاح کے ساتھ ہر سال ایک جلد شایع ہوگی۔ ابتک ۵ جلدیں شایع ہو کر ہمہ گیر مقبولیت حاصل کر چکی ہیں

## اعجاز الولی (پہلی جلد)

جس میں دکھایا گیا ہے کہ جس طرح قرآن مجید پیغمبرؐ کا زندہ معجزہ ہے کہ آج تک کروروں مخالفین اس کا جواب نہ لا سکے اسی طرح پیغمبرؐ کے اہلبیت خصوصاً حضرت امیرالمومنینؑ کی ذات بھی اسلام کا عظیم الشان اور بے مثل معجزہ ہے کیونکہ حضرت کے مخالفین بھی گذرے گئے جو حضرت کے فضائل و کمالات، دینی خدمات چھپانے بلکہ مٹانے کی انتھک کوشش کرتے رہے مگر وہ لوگ کسیطرح آفتاب پر خاک نہ ڈال سکے اور اب بھی حضرت کے علمی و دینی اور دنیوی کارنامے کتابوں میں اس کثرت سے بھرے ہوئے ہیں کہ حضرت رسولؐ خدا کے سوا کسی کے بھی نہیں مل سکتے، لکھائی، چھپائی بہترین۔ حجم ۵۰۰ صفحے قیمت صرف سات روپے مجلد

## قرآن ناطق (دوسری جلد)

جس میں دکھایا گیا ہے کہ قرآن مجید میں جس قدر فضائل و مناقب امیرالمومنینؑ اور اہلبیت طاہرینؑ کے بھرے ہوئے ہیں ان کا عشر عشیر بھی کسی اور کا نہیں مل سکتا تقریباً ۵۰۰ آیتیں علماء اہل سنت کی معتبر ترین کتب تفسیر و حدیث کے حوالوں سے نہایت شرح و بسط کے ساتھ درج کی گئی ہیں جو حضرت امیرالمومنینؑ اور اہلبیت طاہرینؑ کے متعلق نازل ہوئیں، لکھائی چھپائی بہترین، قیمت صرف چھ روپے (ﮨﻌﮧ)

## ثقل اکبر (تیسری جلد)

جس میں صحاح ستہ اور دیگر مسلم الثبوت کتب احادیث اہل سنت کی وہ تمام حدیثیں جمع کر دی گئی ہیں جو پیغمبرؐ نے امیرالمومنینؑ کے متعلق ارشاد فرمائیں، اس جلد کی ترتیب تالیف اس حسن و انتظام کے ساتھ کی گئی ہے کہ مطالعہ کرنیوالا خود فیصلہ کرے کہ حضرت امیرالمومنینؑ یقیناً نفس رسول تھے اور پیغمبرؐ کے بعد اسلام کا سرپرست و محافظ ایسا ہی ولی خدا ہونا چاہئے جس کا درجہ حضرت پیغمبرؐ سے اتنا ملتا جلتا ہو کہ دونوں میں بہت کم فرق ہو سکے۔ قیمت صرف پانچ روپے (ﮨﮯ)

## حضرت امیرالمومنینؑ (چوتھی جلد)

جس کے پہلے حصے میں حضرت کے خاندان اور بزرگوں کے مفصل حالات لکھ کر حضرت کی ولادت با سعادت سے حضرت رسولِ خداؐ کی وفات حسرت آیات تک کے پورے سوانح زندگی کمال تحقیق و صحت سے درج کئے گئے ہیں، قیمت چار روپیہ (للعہ)

حضرت امیرالمومنین حصہ ثانیہ جس میں وفات پیغمبرؐ سے تیسری حکومت تک حضرت کے سوانح حیات کمال تحقیق و جامعیت سے لکھے گئے ہیں، قیمت آٹھ روپیہ (ﮨﮯ)

## منیجر اصلاح کھجوا (صوبہ بہار)

Sn